© rasailojaraid.com



استدلال کو نظر انداز نہیں ہونے دیتا۔ ڈاکٹر محمود احمد غازی اسی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اپنے منطقی استدلال' علمی انداز بیان اور سحر انگیز طرز کی بنا پر یہ کتاب سیرت پر انگریزی زبان میں مقبول ترین کتاب ہونی چاہیے۔

انتہائی عمدہ کاغذ اور خوب صورت طباعت کے ساتھ یہ کتاب ۲۸۷ صفحات پر مشتمل ہے اور کم و بیش ہر ورق پر متن کی مناسبت سے ایک تصویر یا کوئی نقشہ پیش کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ڈاکٹر زمان نے کہا ہے کہ کتاب میں تصاویر اور نقشوں کے بروقت اور برمحل استعمال نے کتاب کو خوب صورت ہی نہیں بنایا بلکہ قاری کے لیے آسان تر بنا دیا ہے۔ کتاب کے پس ورق پر متعدد اہل علم کے تبصرے بھی شامل ہیں۔ درحقیقت اس کتاب میں ایک ہی تشنگی محسوس ہوتی ہے اور وہ یہ کہ یہ ہجرت تک کے واقعات پر مشتمل ہے۔ توقع کی جانی چاہیے کہ طارق جان' ہجرت کے بعد کے واقعات پر مشتمل کتاب کی دوسری جلد بھی مکمل کرلیں گے۔ (خالد رحمان)

**اسلامی طرز فکر**' ادارت: عادل صلاحی' ترتیب و ترجمہ: جلد اول' عبدالسلام سلامی' جلد دوم' کلیم چغتائی۔ ناشر: اپکار پی کے (الائیڈ پروموٹرز' کراچی' پاکستان)' ۴۰۴ قمر ہاؤس' ایم اے جناح روڈ' کراچی-۷۴۰۰۰۔ صفحات: اول: ۴۷۸' دوم: ۴۸۴' مجلد۔ قیمت: خواہش و طلب۔

سعودی عرب کے انگریزی روزنامے عرب نیوز میں عادل صلاحی علما کے ایک پینل کے مشورے سے قارئین کے سوالات کے جواب قرآن و سنت کی روشنی میں دیتے ہیں۔ ان کے اپنے الفاظ میں: ''ہم شدت پسندی اور متنازعہ پہلوؤں سے دُور رہتے ہیں اور خود کو کسی ایک ہی فقہی امام کے نقطۂ نظر اور رائے تک محدود نہیں رکھتے۔ کوشش کی جاتی ہے کہ مسئلے کا ایسا حل تلاش کیا جائے جو عصر حاضر میں قابل قبول اور قابل عمل ہو''۔ شاید ہی مردوں اور خواتین کا کوئی ایسا مسئلہ ہو' خصوصاً جدید تہذیب اور معاشرت کے حوالے سے جو عقائد' عبادات اور معاملات کے عنوانات کے تحت پہلی جلد کے ۲۶۲ اور دوسری جلد کے ۳۸۴ سوالات میں زیر بحث نہ آ گیا ہو۔ اُردو جوابات ماہنامہ رابطہ (بنکاک/کراچی) میں شائع ہوتے رہے ہیں۔ اپکار پی کے' محمد عارف صاحب اور ان کے ساتھیوں کا ادارہ ہے جو محض خواہش و طلب کی قیمت پر یہ کتابیں بہ طور ہدیہ پیش کر دیتا ہے۔ اس کے باوجود بھی یہ انتہائی ضروری' مفید اور رہنما کتاب ہر پڑھے لکھے مسلمان اور ہر تعلیمی ادارے کی لائبریری میں نہ ہو تو ذمہ داری کس پر ڈالی جائے! (مسلم سجاد)

© rasailojaraid.com